صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز سوموار مورخہ 12 اکتوبر 2015ء بمطابق 27 ذی الحج 1436 ہجری بعداز دوپہر تین بجکر چالیس منٹ پر منعقد ہوا۔

جناب مسند نشین، شوکت علی یوسفزئی مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

تلاوت کلام پاک اور اسکا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیۡطٰنِ الرَّجِیمِ۔ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیمِ۔

فَاسۡتَقِمۡ کَمَاۤ اُمِرۡتَ وَمَنۡ تَابَ مَعَکَ وَلَا تَطۡغَوۡا ؕ اِنَّہٗ بِمَا تَعۡمَلُوۡنَ بَصِیۡرٌO وَلَا تَرۡکَنُوۡۤا اِلَی الَّذِیۡنَ ظَلَمُوۡا فَتَمَسَّکُمُ النَّارُ ۙ وَمَا لَکُمۡ مِّنۡ دُوۡنِ اللّٰہِ مِنۡ اَوۡلِیَآءَ ثُمَّ لَا تُنۡصَرُوۡنَO وَاَقِمِ الصَّلٰوۃَ طَرَفَیِ النَّہَارِ وَزُلَفًا مِّنَ الَّیۡلِ ؕ اِنَّ الۡحَسَنٰتِ یُذۡہِبۡنَ السَّیِّاٰتِ ؕ ذٰلِکَ ذِکۡرٰی لِلذّٰکِرِیۡنَO وَاصۡبِرۡ فَاِنَّ اللّٰہَ لَا یُضِیۡعُ اَجۡرَ الۡمُحۡسِنِیۡنَ۔

(ترجمہ): سو (اے پیغمبر) جیسا تم کو حکم ہوتا ہے (اس پر) تم اور جو لوگ تمہارے ساتھ تائب ہوئے ہیں قائم رہو۔ اور حد سے تجاوز نہ کرنا۔ وہ تمہارے سب اعمال کو دیکھ رہا ہے۔ اور جو لوگ ظالم ہیں، ان کی طرف مائل نہ ہونا، نہیں تو تمہیں (دوزخ کی) آگ آ لپٹے گی اور خدا کے سوا تمہارے اور دوست نہیں ہیں۔ اگر تم ظالموں کی طرف مائل ہوگئے تو پھر تم کو (کہیں سے) مدد نہ مل سکے گی۔ اور دن کے دونوں سروں (یعنی صبح اور شام کے اوقات میں) اور رات کی چند (پہلی) ساعات میں نماز پڑھا کرو۔ کچھ شک نہیں کہ نیکیاں گناہوں کو دور کر دیتی ہیں۔ یہ ان کیلئے نصیحت ہے جو نصیحت قبول کرنے والے ہیں۔ اور صبر کیے رہو کہ خدا نیکوکاروں کا اجر ضائع نہیں کرتا۔ وآخِرُ دَعۡوَانَا اَنِ الۡحَمۡدُ لِلّٰہِ رَبِّ الۡعٰلَمِیۡنَ۔

جناب مسند نشین: جزاکم اللہ۔

نشانزدہ سوال اور اسکا جوب

جناب مسند نشین: آئٹم نمبر 2، 'کوئسچنز آور' ۔ کوئسچن نمبر 2562، جناب شیراز خان، ایم پی اے۔

جناب محمد شیراز: شکریہ جناب سپیکر۔ میں ریکویسٹ کروں گا، دونوں سوالات کو اگر کل تک ڈیفر کیا جائے تو میں ذرا تیاری کر لوں؟

جناب مسند نشین: کل تک آپ اس کو۔۔۔۔۔

جناب محمد شیراز: کل تک دونوں۔

جناب مسند نشین: ٹھیک ہے۔

جناب محمد شیراز: اگلے دن تک اگر کل نہ ہو۔

جناب مسند نشین: Next session میں پھر لے لی جائے؟

جناب محمد شیراز: ہاں Next session میں سر۔

جناب مسند نشین: ٹھیک ہے، پینڈنگ۔ کوئسچن نمبر 2563، جناب محمد شیراز خان، ایم پی اے۔

جناب محمد شیراز: سر! ان دونوں کو۔۔۔۔۔

جناب مسند نشین: ٹھیک ہے، پینڈنگ کرتا ہوں۔

جناب محمد شیراز: سر! مہربانی، شکریہ سر۔

جناب مسند نشین: کوئسچن نمبر 2056، مولانا مفتی فضل غفور صاحب!

* 2056 _ مولانا مفتی فضل غفور: کیا وزیر کھیل و سیاحت ارشاد فرمائیں گے کہ :

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ ہذا نے بجٹ 15-2014 میں کالام سوات وغیرہ سمیت مختلف مقامات کے سیاحتی فروغ کیلئے ایک خطیر رقم مختص کی ہے؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ بونیر کا سوات کے ساتھ ملحقہ علاقے وادی گوکند، راجگلئی، کلیل کنڈاؤ اور ایلم کڑاکڑ کے حسین اور پرکشش دل فریب مناظر سے صوبہ بھر کے سیاح لطف اندوز ہو رہے ہیں؛

(ج) اگر (الف) و(ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو کیا حکومت مذکورہ مقامات کے سیاحتی فروغ کیلئے اقدامات اٹھانے کا ارادہ رکھتی ہے اور ان علاقوں کی ڈیویلپمنٹ اور سیاحتی فروغ کیلئے کتنی رقم کی منظوری دینے کا ارادہ رکھتی ہے؟

جناب امجد خان آفریدی (مشیر کھیل وسیاحت): (الف) جی ہاں، یہ بات درست ہے کہ محکمہ ہذا نے بجٹ 15-2014 میں کالام سوات وغیرہ سمیت مختلف مقامات کے سیاحتی فروغ کیلئے ایک خطیر رقم مختص کی ہے۔

(ب) جی ہاں، یہ بھی درست ہے کہ بونیر کا سوات کے ساتھ ملحقہ علاقے وادی گوکند، راجگلئی، کلیل کنڈاؤ اور ایلم کڑاکڑ کے حسین اور پرکشش دل فریب مناظر سے صوبے کے سیاح لطف اندوز ہو رہے ہیں۔

(ج) محکمہ سیاحت مذکورہ مقامات پر سیاحتی فروغ کیلئے اقدامات اور پلاننگ کر رہا ہے جس میں مذکورہ مقامات پر ایک سیاحتی ترقیاتی فیزیبلٹی سٹڈی کی تیاری اولین فوقیت ہے تاکہ آنے والے مالی سال میں ان مقامات پر سیاحتی ترقی کیلئے ٹھوس اقدامات کئے جائیں۔

مولانا مفتی فضل غفور: شکریه جناب سپیکر۔ کوئسچن نمبر 2056، دا خو جی هغه زړه قصه ده، هغه بله ورځئ تاسو پخپله باندې کتلې وه خو ماشاء الله په شپه شپه کښې تبدیلی راغلې ده، ډیر زیات خوشحاله شومه څکه هغه بله ورځ یو شان جواب وو او نن بل شان جواب دے، تبدیلی آ نہیں رہی، تبدیلی میرے خیال میں آ گئی ہے۔ میرا جواب دو صرف، خو۔۔۔۔

جناب مسند نشین: آپ جواب سے مطمئن ہیں یا نہیں؟

مولانا مفتی فضل غفور: نہیں، هغه بله ورځ یو شان جواب وو جی، اوس بل شان جواب دے۔

جناب مسند نشین: آپ سپلیمنٹری کرنا چاہتے ہیں تو منسٹر صاحب اس کا جواب دے دیں گے۔

مولانا مفتی فضل غفور: جی زما ریکویسټ دا دے جی چې دغه ته ئے وراولیږئ، سټینډنګ کمیټی ته، هلته به ئے پوره چهان بین اوکړو۔

جناب مسند نشین: منسٹر سپورٹس!

مفتی سید جانان: سپیکر صاحب! دیکښې زما یو ضمنی کوئسچن دے۔

جناب مسند نشین: هم دې حوالې سره دے جی؟

مفتی سید جانان: اؤ، اؤ جی۔

جناب مسند نشین: جی، مفتی جانان صاحب۔

مفتی سید جانان: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ جناب سپیکر صاحب، سوال نه مخکښې یوه خبره کوم۔ یو طالب وو د مدرسې، د هغه نه چا تپوس اوکړو چې څنګه سبقونه روان دی، هغه اووئیل چې الحمد للّٰه ډیر ښه روان دی، کله زه نه یم او کله استاد نه وی او چې کله یو ځائې ته شو نو بیا د جمعې شپه وی۔ دا هم هغه معامله ده، کله منسټران نه وی او کله مونږه نه یو، کله بیا شیراز خان وائی چې دا د بل وخت ته بوتللې شی۔ سپیکر صاحب! زه دا ګزارش کوم چې پرون ایجنډا، هغه بله ورځ چې مونږ ته کومه ایجنډا ملاؤ ده، هغې کښې د دغې سوال یو شان جواب راغلے دے او بیا نن زمونږه میزونو باندې کومه ایجنډا پرته ده، دیکښې د سوال بل شان جواب راغلے دے، دا د دغې ایوان استحقاق دے، زه دا ګزارش کوم چې دا څومره ادارې، څومره محکمې دا جرات کوی، غلط بیانی کوی، زما به دا ګزارش وی دا استحقاق کمیټئ ته واستوئ چې دا څوک دغې ایوان ته دهوکه ورکوی؟ یوه ورځ د یو سوال جواب یو شان راشی او په بله ورځ هم د هغه سوال جواب بیا بل شان راشی۔

جناب مسند نشین: جانان صاحب! ښه به دا وی چې سپورټس منسټر صاحب ناست دے چې هغه دې باره کښې Explain کړی۔۔۔۔

جناب عبدالستار خان: جناب سپیکر!

جناب مسند نشین: اسی کے بارے میں کرنا ہے آپ نے؟

جناب عبدالستار خان: جی۔

جناب مسند نشین: مائیک ورته آن کړئ۔

جناب عبدالستار خان: تھینک یو سر۔ جناب سپیکر! اس سوال کا جز (الف) جو ہے، یہ پورے صوبے سے متعلق ہے صرف سوات یا بونیر کی بات نہیں ہے، اس میں سوات وغیرہ سمیت مختلف مقامات کے سیاحتی فروغ کیلئے ایک خطیر رقم مختص کی ہے، اس پر کل بھی بات ہوئی ہے۔ جناب سپیکر، چونکہ ہمارے 2013 کے بعد آج تک خصوصاً اس ٹورازم سیکٹر میں جو ڈیویلپمنٹل پروگرام تھے ہمارے، اس میں آج تک میرے اندازے کے مطابق بحیثیت چیئرمین سٹینڈنگ کمیٹی آن ٹورازم سپورٹس، آج تک کہیں پر بھی ایک پراجیکٹ پر ایک پیسہ خرچ نہیں ہو سکا ہے تو اس لحاظ سے میں بھی یہ گزارش کروں گا، میرے اپنے حلقے میں سوپٹ ڈیویلپمنٹ پراجیکٹ تھا، اس میں دو تین ریسٹورنٹس تھے، سوات میں تھے، کالام میں تھے، کاغان میں، کاغان چیئر لفٹ جو ابھی تک، آج تک اس پر کام نہیں ہو سکا ہے۔ تو یہ ایک پورے اس سیکٹر کا ایک بہت بڑا صوبائی مسئلہ ہے، اس کو میں بھی ایک تجویز پیش کروں گا کہ آپ اس کو کمیٹی میں بھیج دیں، متعلقہ محکمے کے لوگوں کو بلا کر اے ڈی پی جو بجٹ ہے، اس پر ہم تفصیلی اس کو Examine کریں۔

جناب مسند نشین: عبدالستار صاحب! میرے خیال سے پہلے منسٹر صاحب کا جواب سن لیں، اس کے بعد پھر آپ جو بھی، جی منسٹر فار سپورٹس، امجد آفریدی!

مشیر کھیل وسیاحت: مهربانی سپیکر صاحب۔ د دوئ کوئسچن بالکل ٹھیک دے او د دې جواب مونږ ورکړے دے، که دوئ ترینه مطمئن نه وی، 15-2014 کښې د دوئ چې کوم بونیر سره ملحقه علاقه جات دی، دا هم اوس مونږه لګیا یو د دې سروے شروع ده او د دې سره سوپټ ویلی لکه څه رنګې ممبر صاحب اووئیل سوپټ ویلی ده، کمراټ ویلیز دی، دا ټوټل 24 ویلیز دی خو د دې فزیبلټی سټډی شروع ده، چې څه رنګه فزیبلټی سټډی کمپلیټ شی، بیا به په دې باندې ان شاء الله که خیر وی، نور چې د دوئ څه مسئلې وی، هغه به هم بیان کړی، دا په پائپ لائن کښې دی او زر تر زره به ان شاء الله په دې باندې کار شروع شی جی۔

مولانا مفتی فضل غفور: جناب سپیکر!

جناب مسند نشین: میرے خیال سے بس ہو گیا، اگر آپ نے کچھ، جی۔

مولانا مفتی فضل غفور: نه جی، څه او شو، ما خو واؤرئ کنه جی؟

جناب مسند نشین: دیکھیں، جو کل جو کوئسچن آیا تھا، اس میں بونیر کا ذکر نہیں تھا، آج کے کوئسچن کو انہوں نے کمپلیٹ کر کے بھیجا ہے۔ اگر آپ کو اس پر کوئی اعتراض ہے تو منسٹر صاحب اس کا جواب دے دیں گے، میرے خیال سے اس میں کوئی زیادہ یقین دہانی ہو گئی ہے۔

مفتی سید جانان: زه جی-----

جناب مسند نشین: جانان صاحب!

مفتی سید جانان: زه تاسو نه دا، تاسو خپله انصاف اوکړئ، مونږه پرېږدو وئ۔ اوس دا اسمبلی ده که دا هسې یو ځائې دے، بس نن به یو جواب راځی او دوه گهنټې بعد به بیا بل جواب راځی او دوه ورځې بعد به بیا بل راځی۔ که دا تاسو ته انصاف ښکاری، تاسو د دغې ایوان توهین نه گنړئ، مونږه خو پرېږده خو زه سپیکر صاحب! گزارش کوم، دا د دغې ممبرانو توهین دے، دا محکمې تاسو ولې دا سې آزادې پرېږدوئ چې هر ځوک به په خپله خوښه باندې جوابونه ورکوی؟

جناب مسند نشین: جی منسٹر سپورٹس! امجد آفریدی۔

مشیر کھیل وسیاحت: جی که چرې دا سې څه Clerical mistake شوے وی، هغې نه زه دا سې څه خبر نه یم، بلکه زه به ډیپارټمنټ نه دې باره کښې پښتنه هم اوکړمه چې دا Mistake ولې شوے دے۔

جناب مسند نشین: تاسو دوئ سره کښېناستے شئ؟

مشیر کھیل وسیاحت: که دا چا دانسته کړے وی جی د هغوی خلاف به کارروائی اوکړو، نور که دوئ دیکښې نور څه ضمنی کوئسچن وی، هغه د اوکړی، مونږ هغې ته تابعداریو جی۔

مشیر کھیل وسیاحت: میرے خیال سے اگر آپ ان کے ساتھ بیٹھ جائیں۔

مشیر کھیل وسیاحت: بالکل بیٹھ جاتا ہوں جی۔

جناب مسند نشین: وقفے کے دوران آپ بیٹھ جائیں، یہ سارے معاملات طے کر لیں تو میرے خیال سے اتنا ایشو نہیں ہو گا۔

مشیر کھیل وسیاحت: وقفے کے دوران بیٹھ جاتاہوں، وقفے کے دوران میں بیٹھ جاتاہوں، جی منتخب ممبران کے ساتھ ابھی بیٹھ جاتے ہیں جی۔

جناب مسند نشین: جی جی، فضل غفور صاحب!

مولانا مفتی فضل غفور: سپیکر صاحب! د دې ناستې د پاره او د دې یو څیز د Thrash out کولو د پاره دا سټینډنګ کمیټی جوړه وی، دوئ پکښې به هم تشریف فرما وی او چیئرمین صاحب به هم وی او زه به هم یم، نو دا ښتنه به لږه اوکړو چې دریم کال دے د دې صوبې په دې وسائلو کښې په ټورازم ډیپارټمنټ کښې د بونیر حصه نشته دے، که نه دا بونیر د دې صوبې حصه نه ده؟ دا تپوس به لږ اوکړو، لږه ښتنه به اوکړو او دے که مونږ له د ماشومانو په شان تسلئ راکوی په فزیبلټی سټډی باندې۔۔۔۔

جناب مسند نشین: فضل غفور صاحب! میرے پاس تو اور کوئی چارہ نہیں ہے، اگر آپ اس کو ایوان میں کرنا چاہتے ہیں، وہ بھی ہو سکتا ہے، اگر آپ ان کی بات ماننا چاہتے ہیں۔۔۔۔

مولانا مفتی فضل غفور: فزیبلټی سټډی خو جی مونږه پیژنو، دا څه نوے څیز خو ما ته نه ښکاری جی۔

جناب مسند نشین: تو وہ بھی ہو جائے گا تاکہ اس کا کوئی حل نکل آئے۔

مولانا مفتی فضل غفور: دا تاسو سټینډنګ کمیټئ ته ورا ولیږئ، زمونږه به د دوئ نه دا ګزارش وی۔

جناب مسند نشین: جی منسٹر فار سپورٹس، کیونکہ میرے پاس کوئی دوسرا راستہ نہیں ہو گا، میں پھر ایوان میں۔۔۔۔

مشیر کھیل وسیاحت: ان کے ساتھ میں بیٹھ جاتاہوں، اگر ان کو، ابھی بیٹھ جاتے ہیں، ایسا کوئی ایشو نہیں ہے جی، وقفے میں بیٹھتے ہیں، ٹھیک ہے، میں ان کی تسلی کرادیتاہوں، ابھی بیٹھنا چاہتے ہیں، میں ان کی تسلی کرا دیتاہوں۔

جناب مسند نشین: ٹھیک دہ۔

مولانا مفتی فضل غفور: ٹھیک دہ جی، زما د منسٹر صاحب پہ خبرہ باندې اعتماد دے جی او کښېنو بس او ان شاء اللہ پہ دې باندې بہ خبرہ اوکړو۔ چلو، بہت شکریہ۔

اراکین کی رخصت

جناب مسند نشین: آئٹم نمبر 3: معزز اراکین کی طرف سے رخصت کی درخواستیں: جناب محمد زاہد درانی صاحب، ایم پی اے 12-10-2015؛ جناب اعظم خان درانی، ایم پی اے 12-10-2015؛ ملک شاہ محمد خان وزیر، سپیشل اسسٹنٹ ٹو وزیر اعلیٰ 12-10-2015؛ جناب عزیز اللہ خان، ایم پی اے 12-10-2015؛ الحاج ابرار حسین، 12-10-2015؛ سردار ظہور احمد صاحب، ایم پی اے 12-10-2015؛ محترمہ نسیم حیات صاحبہ، ایم پی اے 12-10-2015؛ سردار ارنگزیب نلوٹھا، ایم پی اے 12-10-2015؛ محترمہ رومانہ جلیل، ایم پی اے 12-10-2015؛ محمود احمد خان بیٹنی، ایم پی اے 12-10-2015. Is it the desire of the House that the leave may be granted? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Chairman: The leave is granted.

جناب شاہ حسین خان: سپیکر صاحب!

جناب مسند نشین: شاہ حسین صاحب۔

جناب شاہ حسین خان: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ سپیکر صاحب، زہ ځکہ پاڅیدم چې یو خو ایجنډا لږہ نسبتاً نن کمہ دہ، بل تاسو پہ دې چیئر باندې ناست یئ نو ما وئیل چې ستاسو د موجود ګئ نہ فائدہ واخلم۔

جناب مسند نشین: نو دا ښہ بہ نہ وی چې اول دا ایجنډا پورہ کړو، بیا د هغې نہ پس۔ محمود جان صاحب!

جناب شاہ حسین خان: زما ټول یو منټ نہ لګی، ټوټل بہ یو منټ لګی جی۔

جناب مسند نشین: جی۔

جناب شاہ حسین خان: داسې وہ جی چې مونږہ دلتہ کښې چې قراردادونہ وفاقی حکومت تہ لیږو، هغہ قراردادونو باندې هلتہ چې عملدرآمد نہ کیږی، بیا دلتہ

کېښې اسمبلۍ کېښې مونږه شور کوؤ چې یره د اسمبلۍ نه قرارداد پاس شی او هغه قرارداد باندې وفاق کېښې عملدرآمد نه کیږی خو مسئله دا ده جی چې زمونږ دې صوبه کېښې، چې کله د صوبې د حکومت نه چې غوښتنه په یو قرارداد کېښې اوکړو نو پکار دا ده چې په هغه قرارداد باندې خو عملدرآمد کیدے او دیکښې تقریباً دوه میاشتې ټائم وی۔ دا یو قرارداد وو د صوبائی پلاننګ افسرانو باره کېښې چې دوئ له کیډر ورکړئ او هغه قرارداد په دې اسمبلۍ کېښې متفقه طور باندې پاس شو، نن ئے تقریباً څه شپږمه میاشت ده، اسمبلی سیکرټریټ مختلف هغه کوم متعلقه ډیپارټمنټس وو، هغې ته ئے لیږلے هم دے، بیا دیکښې د چیف منسټر آرډرز هم دی، د سپیکر صاحب خطونه پکښې هم شته خو شپږ میاشتې اوشوې، په هغې باندې اوسه پورې عملدرآمد اونشو، پکار ده چې دا عملدرآمد په دوه میاشتو کېښې شوے وے۔ بیا جی دیکښې داسې وه چې په دې باندې څه خرچه هم نه راتله چې د صوبائی حکومت خرچه پرې راتله، بیا دیکښې دې نور کیډر والا ته څه نقصان هم نه وو، څه د نوے قانون سازی ضرورت پکښې هم نه وو۔ یو قرارداد وو او دې اسمبلۍ متفقه پاس کړو، شپږ میاشتې اوشوې په هغې باندې عملدرآمد نه دے شوے، تاسو ته دا درخواست کوم چې تاسو رولنګ ورکړئ یا منسټر صاحب د لاء ناست دے، هغه د جواب راکړی، که د هغه جواب مناسب وو، ښه وو، دا هاؤس پرې مطمئن شو نو ټهیک شوه بیا به تاسو رولنګ ورکړئ چې دا ډیپارټمنټ په دې متعلقه قرارداد باندې عملدرآمد اوکړی۔

جناب مسند نشین: آنریبل لاء منسٹر!

جناب امتیاز شاہد (وزیر قانون): شاہ حسین صاحب کی Stance کو میں Fully support کرتا ہوں، آپ مہربانی کرکے اس بارے میں رولنگ پیش کریں، رولنگ دیں۔

جناب مسند نشین: دا ستاسو، دا شاہ حسین صاحب! دا کله تاسو موؤ کړے دے ؟ دا تاریخ۔۔۔۔

جناب شاہ حسین خان: دا د اپریل خبره ده جی۔

جناب مسند نشین: ځکه که دوه میاشتو نه مخکښې شوے وی نو هغې کښې پرابلم وو، دوه میاشتې اوشوې چې دا اوس باقاعده دا رولز جوړ شوی دی چې هر ډیپارټمنټ به دوه میاشتې Within two months هغه به Reply کوی۔

جناب شاہ حسین خان: جی اؤ۔

جناب مسند نشین: او که دا مخکښې وی نو بیا خو ټهیک ده خو که اوسنې وی نو بیا۔

جناب شاہ حسین خان: جی اؤ، د هغې نوټیفیکیشن هم ما سره شته دے، زه خو دا وایمه جی چې اسمبلی سیکرټریټ دا په ټائم لیږلے دے، د دې ځائې نه دا پاس شوے دے بیا اسمبلئ سیکرټریټ، هلته کښې ډیپارټمنټ شپږ میاشتې اوشوې جواب ئے نه دے راکړے۔

جناب مسند نشین: دلته ټول ډیپارټمنټس والا ناست دی، منسټران صاحبان ناست دی، پکار ده چې په دې باندې، ځکه چې دا ټولو نه غټ دغه دے، فورم دا دے چې دلته یو شے Decide شی یا غوښتنه اوشی، پکار ده چې په هغې باندې Implementation هم اوشی۔ نو کوم منسټرز صاحبان دلته ناست دی، د هغوی ډیپارټمنټس دی، هغوی د انسټرکشنز ورکړی او که نه وی دلته نه انسټرکشنز ورکوؤ مونږ چې څومره ډیپارټمنټس دی چې هغوی ته کوم ریزولیوشن ځی چې په هغې باندې عملدرآمد کیږی۔

جناب شاہ حسین خان: خاصکر د دې تاسو دغه اوکړئ جی۔

جناب مسند نشین: جی، مهربانی، مهربانی۔

توجہ دلاؤ نوٹس ہا

Mr. Chairman: Item No. 7, 'Call Attention Notices': Mr. Muhammad Asmatullah, MPA, to please move his call attention notice No. 640, in the House. Mr. Muhammad Asmatullah, MPA, please.

جناب محمد عصمت اللہ: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِیمِ۔ جناب سپیکر! میں اس ایوان کے توسط سے وزیر پی اینڈ ڈی کی توجہ اس امر کی جانب مبذول کرانا چاہتا ہوں اور وہ یہ کہ سالانہ ترقیاتی پروگرام سال 2014-15 اور

2015-16 میں سکیم نمبر 611 کے تحت آٹھ عدد تھانہ جات کی تعمیر کی منظوری اسمبلی نے دی تھی۔ ان تھانہ جات میں ایک تھانہ باقاعدہ کوز پاڑو ڈسٹرکٹ کوہستان کے نام سے منظور ہوئی لیکن اب مسمی ارشاد خان ایس پی کوہستان لوئر اسمبلی کے فیصلے کے برعکس مذکورہ تھانے کا مقام تبدیل کرنے پر بضد ہے، لہذا متعلقہ وزیر اس معاملے کی طرف فوری توجہ دلائیں اور اسمبلی کے فیصلے کے مطابق مذکورہ منصوبہ کو پایہ تکمیل تک پہنچائیں۔

جناب سپیکر، مسئلہ یہ ہے کہ یہ ہمارا 2015-16 کی اے ڈی پی ہے، اس میں صفحہ نمبر 122 پر یہ وہ تھانہ جات ہیں آٹھ جن کی اس اسمبلی نے باقاعدہ منظوری دی ہے اور یہ Ongoing program ہے، جاری سکیم ہے، بجٹ بک میں ہے تو اس میں یہ ہے کہ "F/S and Dev. of Police Infrastructure in KP Police Station Kabalgram, Chauga, Olandar, Dandai District Shangla، یہ چار شانگلہ میں ہیں، Swari at District Buner اور Gwaleri and Gat-Poechar at Swat. Kuz Paro Kohistan-PC-II approved on 25-09-2014" اور اس تمام پراسیس سے گزرنے کے باوجود چونکہ ان میں چھ مقامات ایسے تھے جن پر ان تھانہ جات کی تعمیر کیلئے سرکاری زمین Available تھی اور ان میں دو مقامات۔۔۔۔۔

جناب مسند نشین: یہ منسٹرز صاحبان! ذرا اس طرف بھی توجہ دیں، میرے خیال سے بہتر ہوگا۔

جناب محمد عصمت اللہ: ان میں سے دو مقامات ایسے تھے کہ جن میں سرکاری زمین ان تھانہ جات کی تعمیر کیلئے Available نہیں تھی، اس میں پھر۔۔۔۔۔

جناب مسند نشین: عصمت اللہ صاحب! آپ کا پوائنٹ جو ہے، وہ ان کو سمجھ آگیا ہے، میرے خیال سے اگر وہ جواب دے دیں اس پہ تو۔۔۔۔۔

جناب محمد عصمت اللہ: میں عرض کر رہا ہوں، میں عرض کر رہا ہوں کیونکہ Available نہیں تھی تو انہوں نے لیٹر لکھا متعلقہ۔۔۔۔۔

جناب مسند نشین: ان کا جواب آپ سن لیں پہلے، یہ آپ کی جو ہے نا لمبی بحث ہے، بس آپ نے کال اٹینشن نوٹس پیش کر دیا، ان کو سمجھ آگئی ہے، وہ جواب دے دیں، آپ سن لیں، آپ مطمئن نہ ہوئے تو پھر۔۔۔۔۔

جناب محمد عصمت اللہ: تو لہذا۔۔۔۔

جناب مسند نشین: منسٹر لاء!

وزیر قانون: جناب سپیکر! مولانا عصمت اللہ صاحب کے کال اٹینشن پہ میں اتنی بات کرنا چاہتا ہوں کہ سالانہ ترقیاتی پروگرام سال 15-2014 اور 16-2015 اے ڈی پی سکیم نمبر 611 یہ نوٹ ہے اور آٹھ عدد تھانہ جات کی تعمیر کی منظوری بھی ہو چکی ہے، تو مجھے اس بات کی سمجھ نہیں آتی ہے کہ کون ایسا ہو سکتا ہے جو کہ اسمبلی کی ایک منظوری کے بعد باقاعدہ یہ ایک منظوری ہو چکی ہے اور کوز پاڑو ڈسٹرکٹ کوہستان کیلئے یہ تھانے کی تعمیر کی منظوری ہوئی ہے۔ تو میرے خیال میں تو اس میں شک نہیں ہے کہ ہماری حکومت پولیس میں کسی قسم کی سیاسی مداخلت نہیں کرنا چاہتی اور نہ کرتی ہے لیکن ہم یہ اختیار بھی تو کسی کو نہیں دے سکتے کہ وہ اسمبلی کے فیصلوں کو پامال کرے۔

جناب مسند نشین: آپ یقین دہانی کرا رہے ہیں کہ ایسی کوئی چینجز نہیں ہیں؟

وزیر قانون: میں بالکل Agree کرتا ہوں، اس کو کمیٹی میں بھیج دیا جائے، پتہ چل جائے گا جی۔

جناب مسند نشین: ٹھیک ہے، میرے خیال سے اس کے بعد تو۔۔۔۔

جناب محمد عصمت اللہ: جناب سپیکر! اس سلسلے میں میری عرض یہ ہے جی کہ۔۔۔۔

جناب مسند نشین: نہیں، اس کے بعد پھر کیا ہو گا، میرے خیال سے عصمت اللہ صاحب!۔۔۔۔

جناب محمد عصمت اللہ: نہیں اس سلسلے میں عرض یہ ہے کہ میں اگر تفصیل میں جاؤں تو اس اسمبلی کا وقت بھی ضائع ہو گا۔

جناب مسند نشین: نہیں، آپ تفصیل میں کیوں جانا چاہتے ہیں؟ جب وہ کہہ رہے ہیں کہ نہیں ہے تو۔۔۔۔

جناب محمد عصمت اللہ: مسئلہ یہ ہے، یہ حقیقت ہے کہ وہاں یہ کیا نام ہے کراچی میں یہ عمران خان صاحب نے اپنی تقریر میں بھی، لاہور والے میں کہہ رہا تھا کہ کراچی میں ایم کیو ایم کا عسکری ونگ ہے اور پنجاب میں پولیس جو ہے وہ نون لیگ کا عسکری ونگ ہے لیکن ادھر یہ میں آپ کو باوثوق ذرائع سے اس اسمبلی کے فلور پر بتانا چاہتا ہوں کہ اور تو نہیں ہے مگر کوہستان میں یہ ایس پی ہمارے سیاسی مخالفین کا عسکری ونگ ہے،

اسلئے یہ انتہائی اہم مسئلہ ہے، یہ حکومت کے ماتھے پر بھی بد نما داغ ہے، یہ ہمارے آئی جی صاحب کے ماتھے پر بھی بد نما داغ ہے، یہ ہمارے ڈی آئی جی صاحب کے ماتھے پر بھی بد نما داغ ہے، اسلئے میں۔۔۔۔۔

جناب مسند نشین: عصمت اللہ صاحب! میرے خیال سے منسٹر صاحب نے آپ کو یقین دہانی کرادی ہے، اس ایوان کے اندر یقین دہانی کرادی ہے، اس کے بعد میرے خیال سے اس پہ تقریر کرنے کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔

جناب شاہ فرمان (وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ): جناب سپیکر!

جناب مسند نشین: شاہ فرمان، شاہ فرمان۔

وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ: جناب سپیکر! اگر اے ڈی پی کے اندر منظوری دیتے ہوئے مقامات کو ظاہر کیا گیا ہے کہ ان ان مقامات کے اوپر یہ پولیس سٹیشنز ہوں گے، اگر یہ اے ڈی پی کے اندر کلیئر ہے تو پھر اس کے اندر تبدیلی تو ہو نہیں سکتی کیونکہ اے ڈی پی سکیم ہے اور یہ اسی مقام کے اوپر ہو گی، اگر ایسا نہیں ہے اور مقام کی بات ہے تو اس کے اوپر Consensus develop کیا جا سکتا ہے، سب کو اعتماد میں لے کے اس کے اوپر بات کی جا سکتی ہے۔ پولیس کا پوائنٹ بھی سن لیتے ہیں، ان کا بھی سن لیتے ہیں۔ یہ چاہے گورنمنٹ کا ایم پی اے ہو، چاہے اپوزیشن کا ایم پی اے ہو، کسی ایم پی اے کی خواہش کے اوپر نہیں ہو سکتا، جو ضرورت ہے جہاں پر اور سب کے Consensus سے ہوں گے، پولیس سے بھی Input لی جائے گی کیونکہ سیکورٹی ان کی ذمہ داری ہے۔ اگر ان کی ذمہ داری ہے تو ان سے Input لے کر ان پہ بات، اگر اے ڈی پی کے اندر مقامات کلیئر ہیں تو اس کے اوپر تو بات کرنے کی ضرورت نہیں ہے، وہ تو کوئی نہیں چیلنج کر سکتا لیکن اگر Apprehension کے اوپر بات ہے، ویسے ہی تحفظات ہیں کہ اگر ایسا ہوا تو ایسا ہو گا تو میرے خیال میں تو مفروضوں کے اوپر بات نہیں کرنی چاہیئے، یہ بالکل کلیئر ہے۔

جناب مسند نشین: میرے خیال سے عصمت اللہ صاحب! دو منسٹروں نے آپ کو یقین دہانی کرادی ہے۔

جناب محمد عصمت اللہ: جناب سپیکر! اس کو کمیٹی کے حوالے کریں۔

جناب مسند نشین: نہیں، کس چیز پہ کمیٹی کے حوالے کیا جائے، جب وہ کہہ رہے ہیں کہ جی نہیں ہوا ہے اس طرح، ٹھیک ہے بس کمیٹی کے حوالے کرنا ہے تو۔۔۔۔۔

وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ: جناب سپیکر! پوزیشن بڑی کلیئر ہے، اگر مقام اے ڈی پی کے اندر واضح ہے تو وہاں پہ تھانہ بنے گا، اگر مقام واضح نہیں ہے تو اس کے اوپر گورنمنٹ کی Discretion ہے، یہ گورنمنٹ ہے، یہ جو حکومت کے اندر بیٹھے ہوتے ہیں، ان کا اپنا Discretion ہے۔ جناب سپیکر! یہ میں، (مداخلت) آپ پلیز میری، جناب سپیکر! یہ اسمبلی ہے، یہاں حکومت ہے اور حکومت کی ذمہ داری ہے، یہ کوئی تبلیغی مرکز نہیں ہے کہ Morality کے اوپر بات ہو، جہاں حکومت سمجھے کہ ضرورت ہے وہاں پر تھانہ بنے گا۔

جناب مسند نشین: لاء منسٹر! لاء منسٹر!

جناب محمد عصمت اللہ: سر! میری عرض سنیں، میں عرض کرنا چاہتا ہوں۔

جناب مسند نشین: آپ عصمت اللہ صاحب! خواہ مخواہ ایشو کو بڑھانا چاہتے ہیں، اس میں کوئی اتنی بڑی بات نہیں ہے، اگر لاء منسٹر کو اعتراض نہیں ہے تو میں اس کو ہاؤس کو Put کر دیتا ہوں۔

Is it the desire of the House that the Call Attention Notice No. 640, moved by the honourable Member, may be referred to the Committee concerned? Those who are in favour of it may say 'Yes'

Members: Yes.

Mr. Chairman: Those who are against may say 'No'.

Members: No.

جناب مسند نشین: کاؤنٹنگ کریں جی، Yes چې چا کړے دے ، هغوی لږ اودریږئ، Yes کہنے والے ذرا کھڑے ہو جائیں۔

(اس مرحلہ پر گنتی کی گئی)

جناب مسند نشین: تا سو کښینئ ، تا سو کښینئ۔ شاہ فرمان! پلیز۔ پلیز اب No کہنے والے کھڑے ہو جائیں، No کہنے والے کھڑے ہو جائیں، پلیز۔

(اس مرحلہ پر گنتی کی گئی)

جناب مسند نشین: اچھا، ابھی کاؤنٹنگ ہو چکی ہے، میرے خیال سے اس پہ بات کچھ ہو نہیں سکتی لیکن ویسے میں کہہ رہا ہوں، Yes 23 کہنے والوں کی ہے اور No 36 کہنے والوں کی ہے تو وہ تو Automatically drop ہو گئی۔ (تالیاں) لیکن میں لاء منسٹر صاحب سے Again گزارش کروں گا کہ وہ آپ کے

ساتھ بیٹھ جائیں اور یہ ایشو حل ہو جائے کیونکہ دیکھیں آپ سارے منتخب لوگ ہیں، آپ کی مرضی سے ہی ہونا چاہیے، جو بھی منتخب لوگ ہیں۔ اگر وہ کسی جگہ پہ اور Already اے ڈی پی میں ایک چیز آچکی ہے تو اس کو چیلنج کرنے کا کسی اور کو حق اس طرح نہیں ہے جب تک کہ کوئی Concerned MPA نہ کہے، جب تک ضرورت نہ ہو۔ میرے خیال سے لاء منسٹر پہلے بھی بیٹھنے کیلئے تیار تھے، اب بھی میں ان سے کہوں گا کہ وہ بیٹھ جائیں۔Next item-----

جناب جعفر شاہ: جناب سپیکر! زه یو عرض کومه۔

جناب مسند نشین: هم په دې باندې کوئ، دا خو ختم شو جی۔

جناب جعفر شاہ: زما یو عرض واؤرئ جی۔

جناب مسند نشین: دا ختم شو، پلیز دا پریږدئ چې دا ایجنډا مخې ته بوځو۔

جناب جعفر شاہ: جی یو منټ، یو منټ۔

جناب مسند نشین: جی ورکړئ ورته۔

جناب جعفر شاہ: تهینک یو، جناب سپیکر۔ If the House is in order؟ داسې ده سپیکر صاحب! چې کومه خبره اسمبلۍ پاس کړی او هغه بجټ بک کښې راشی، په هغې کښې قطعاً تبدیلی نشی راتلے According to law and according to rules نو د دوئ دا وه چې دا خبره به مونږ په کمیټۍ کښې اوګورو، که دا په بجټ بک کښې وی خو د دې د تبدیلۍ هډو سوال نه پیدا کیږی، نه ئے پولیس کولې شی او نه ئے چیف سیکرټری کولې شی، Nobody can do it، نو زما خیال دے چې مونږ هاؤس-----

جناب مسند نشین: جعفر شاہ صاحب! میرا خیال ہے، وہ کہہ رہے ہیں، تیار ہیں بیٹھنے کیلئے، میرا خیال ہے، ایشو نہیں ہوگا ان شاءاللہ۔

جناب جعفر شاہ: تو اس پہ اس طرح کا ایشو نہ بنایا جائے کیونکہ یہ کل-----

جناب مسند نشین: وہ ہو جائے گا، لاء منسٹر صاحب نے بھی کہہ دیا، شاہ فرمان صاحب نے بھی کہہ دیا تو میرے خیال سے اس کے بعد ایسی بحث کا فائدہ نہیں ہے اب اور-----

جناب جعفر شاہ: تو ان کو یہ یقین دہانی دلا دیں۔

Mr. Chairman: Next item: Ms. Najma Shaheen, MPA, to please move her call attention notice No. 643, in the House. Ms. Najma Shaheen, please.

محترمہ نجمہ شاہین: بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ شکریہ جناب سپیکر صاحب۔ میں آپ کی وساطت سے ایوان کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف دلانا چاہتی ہوں، وہ یہ کہ کوہاٹ کے ویمن اینڈ چلڈرن ہاسپٹل کی ایمرجنسی کی دیوار کافی عرصہ سے گری ہوئی ہے جس کی وجہ سے ایمرجنسی اور زچہ و بچہ غیر محفوظ ہیں، غیر محفوظ ہو چکے ہیں جس کی وجہ سے آئے دن ہسپتال میں واقعات رونما ہو رہے ہیں، محکمہ صحت اس پر خصوصی توجہ دے کر اس مسئلے کو حل کرائے۔

جناب سپیکر صاحب! میرے علاقے کوہاٹ کے ہسپتال کی حالت ویسے بھی قابل رحم ہے، پھر تقریباً ایک سال سے یہ دیوار گری ہوئی ہے۔ چونکہ ویمن ہاسپٹل ہے اور بے پردگی کے علاوہ غیر محفوظ بھی ہے، جناب سپیکر صاحب! سب سے زیادہ فنڈنگ جو ہے تو وہ ہیلتھ کو جاتی ہے، اس کے باوجود جو ہمارا رائلٹی فنڈ ڈسٹرکٹ کو ملتا ہے، ڈسٹرکٹ کے میل ایم پی ایز میں تقسیم ہوتا ہے، اس کے باوجود یہ کوہاٹ کے جو ہسپتال ہیں یا کوہاٹ کا جو علاقہ ہے تو وہ یتیم ہے۔ اسی طرح۔۔۔۔

جناب مسند نشین: منسٹر ہیلتھ!

جناب شہرام خان {سینیئر وزیر (صحت)}: شکریہ جناب سپیکر! محترمہ ایم پی اے صاحبہ نے جس طرح کا Issue raise کیا ہے، بالکل کیونکہ وہاں پہ ہماری رائلٹی سے جس طرح جواب میں بتایا گیا ہے کہ ٹراما سنٹر بنا رہے تھے اور اس کی وجہ سے دیوار کو گرایا گیا تھا تاکہ وہاں پہ بنایا جائے لیکن بعد میں جو ان کو بتایا گیا کہ کل کو Road widening ہو سکتی ہے، پھر اس کو گرانا پڑے گا، اسی وجہ سے مینجمنٹ اور لوکل جو ہمارے Elected representatives ہیں، انہوں نے Decide کیا کہ اس کو ایک دوسری جگہ پہ ہسپتال کو شفٹ کیا جائے ٹراما سنٹر کو، اسی وجہ سے، بہر حال اس کو میں نے، آج بھی میں نے ان سے بات کی ہے آنے سے پہلے کیونکہ یہ کال اٹینشن نوٹس بی بی کا آیا ہوا تھا اور ان کو میں نے کہہ دیا، ٹی ایم اے اس کی Look after کر رہا ہے، ان شاء اللہ بہت جلد اس کی دیوار جو ہے Reconstruct کر دیں گے، ٹراما سنٹر دوسری

جگہ پہ بنادیں گے۔ بات یہ صحیح کر رہی ہیں اور اس کو Priority پہ بنایا جائے گا ان شاءاللہ، میں نے کہہ دیا جی۔

جناب مسند نشین: جی مس نجمہ شاہین! مطمئن ہیں میرے خیال سے۔

محترمہ نجمہ شاہین: وہ دیوار گری ہوئی ہے کیونکہ وہ غیر محفوظ ہے، میں آپ کو ایک چھوٹی سی مثال دیتی ہوں۔ ایک سال پہلے یا چند عرصہ ہوا ہے کہ میں ایک Patient کے ساتھ گئی ہوں ہسپتال اور الٹراساؤنڈ کیلئے وہاں ڈاکٹر کے روم میں مجھے بیٹھنا پڑا اور انہوں نے کہا کہ یہاں اکثر چوریاں ہو جاتی ہیں اور چونکہ ہسپتال میں ایک ہی الٹراساؤنڈ کی مشین ہے اور وہ۔۔۔۔

جناب مسند نشین: میں ذرا ایک گزارش کرتا ہوں اپنے تمام ممبران اسمبلی سے کہ وہ ذرا سنجیدگی سے اپنی اپنی نشستوں پہ بیٹھ جائیں، یہ کاروائی ہو رہی ہے، ذرا سن لیا کریں، بجائے اس کے کہ اپنے ذاتی کام کیلئے ایک سیٹ پہ دوسری سیٹ پہ، میرے خیال سے یہ کوئی اچھا نہیں لگتا ہے۔ پلیز۔

محترمہ نجمہ شاہین: تو الٹراساؤنڈ کیلئے مجھے ایک گھنٹہ Wait کرنا پڑا کہ وہ الٹراساؤنڈ کی جو مشین ہے تو وہ ڈاکٹر کے گھر پہ ہے، چونکہ یہاں چوریوں کا خطرہ ہے اور چوری ڈکیتی کا، اسلئے اس کو ہم وہاں Safe کرنے کیلئے رکھ دیتے ہیں تو یہ حالات ہیں۔ باقی یہ ہے کہ بس اس میں اب یہ بتائیں کہ یہ کتنے عرصہ میں یہ دیوار اب مکمل ہو گی یا جو کچھ آپ کا مطلب پلان ہے، اس کو بنانے کیلئے، وہ کب کتنے عرصہ میں ہو گا؟

جناب مسند نشین: جی منسٹر ہیلتھ!

سینیئر وزیر (صحت): جی، ان کی بات بالکل صحیح ہے، اس پہ ایکسٹرا چوکیدار وغیرہ وہاں پہ لگا دیا جائے گا۔ دوسری بات یہ ہے کہ بہت جلد اس کو بنا دیا جائے گا۔ ٹی ایم اے والے آپ کے ساتھ Contact کر لیں گے، آپ کو بتا دیں گے کہ کتنے ٹائم میں وہ کمپلیٹ کرلے گا۔ میں اس کو خود Personally میں نے سٹاف کو کہہ دیا ہے، وہ خود مانیٹر کریں گے، ان شاءاللہ جلد از جلد اس کو کمپلیٹ کر دیا جائے گا جی۔ تھینک یو جی۔

جناب مسند نشین: آئٹم نمبر 8۔۔۔۔

جناب صالح محمد: جناب سپیکر! میری ایک قرارداد ہے۔

جناب مسند نشین: پہلے یہ ایجنڈا مکمل کر لیں، اس کے بعد آپ کو ٹائم مل جائے گا نا۔۔۔۔

جناب صالح محمد: بس ایک منٹ۔۔۔۔۔

جناب مسند نشین: آپ کو ٹائم مل جائے گا نا، یہ ایجنڈا ختم ہو جائے پھر آپ کو ٹائم دیتا ہوں۔

Item No. 8 and 9: Mr. Mushtaq Ahmad Ghani, honourable Minister for Information, to please move for consideration of the Khyber Pakhtunkhwa Journalist Welfare Endowment Fund.

(Pandemonium)

جناب مسند نشین: یہ ویسے بڑے افسوس کی بات ہے کہ اجلاس کی کارروائی ہو رہی ہے، سب کو پتہ ہے کہ ایجنڈے پہ کیا ہے اور پھر بھی میں دیکھ رہا ہوں کہ کوئی سنجیدگی سے کارروائی کو نہیں لے رہا ہے، یہ بڑی افسوسناک بات ہے۔ مولانا عصمت اللہ صاحب! پلیز، پلیز اپنی نشست پہ بیٹھ جائیں، پلیز۔

جناب مشتاق احمد غنی (وزیر اطلاعات): میں اپنی وضاحت پیش کر دوں کہ جن لوگوں نے سٹرائیک باہر کی ہوئی ہے، ہم ان کے ساتھ ڈائیلاگ کر رہے تھے، اندر کمرے میں بیٹھے ہوئے تھے۔

جناب مسند نشین: جی۔

مسودہ قانون (ترمیمی) بابت خیبر پختونخوا جرنلسٹس ویلفیئر انڈومنٹ فنڈ مجریہ 2015 کا زیر غور لایا جانا

وزیر اطلاعات: جناب سپیکر! میں Khyber Pakhtunkhwa, Journalists Welfare Endowment Fund (Amendment) Bill, 2015 کو فوری طور پر زیر غور لانے کیلئے تحریک پیش کرتا ہوں۔

Mr. Chairman: The motion before the House is that the Khyber Pakhtunkhwa, Journalists Welfare Endowment Fund (Amendment) Bill, 2015 may be taken into consideration at once? Those who are in favour of it may say ‘Yes’ and those against it may say “No”.

(The motion was carried)

Mr. Chairman: The ‘Ayes’ have it. ‘Consideration Stage’: Since no amendment has been moved by any honourable Member in Clause 1 and 2 of the Bill, therefore, the question before the House is that Clause 1 and 2 may stand part of the Bill? Those who are in favour of it may say ‘Yes’ and those who are against it may say ‘No’.

(The motion was carried)

Mr. Chairman: The 'Ayes' have it. Clause 1 and 2 stand part of the Bill.

مسودہ قانون (ترمیمی) بابت خیبر پختونخوا جرنلسٹس ویلفیئر انڈونمنٹ فنڈ مجریہ 2015 کا پاس کیا جانا

Mr. Chairman: Honourable Minister for Law, honourable Minister for Information, to please move that the Khyber Pakhtunkhwa, Journalists Welfare Endowment Fund (Amendment) Bill, 2015 may be passed. Honourable Minister for Information, please.

وزیر اطلاعات: جناب سپیکر! میں Khyber Pakhtunkhwa, Journalists Welfare Endowment Fund (Amendment) Bill, 2015 کو پاس کرنے کیلئے تحریک پیش کرتا ہوں۔

Mr. Chairman: The motion before the House is that the Khyber Pakhtunkhwa, Journalists Welfare Endowment Fund (Amendment) Bill, 2015 may be passed? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Chairman: The 'Ayes' have it. The Bill is passed. Mehmood Jan Sahib, Ji Mehmood Jan Sahib.

رسمی کارروائی

جناب محمود جان: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ تھینک یو سپیکر صاحب۔ سپیکر صاحب! ستاسو توجه غواړمه جی، سپیکر صاحب! ستاسو توجه غواړمه جی۔

جناب مسند نشین: جی وایه۔

جناب محمود جان: سپیکر صاحب! د حاجیانو د واپسئ وخت دے جی، زیات تر حاجیان خپل ملک ته راغی جی۔ زه خپله هم حج ته تلے ووم جی او زما خپل دا Experience هم اوشو جی چې په یو ملک کښې هم سیوا د پاکستان نه پرائیویټ ټوور آپریټرز نشته جی۔ په انډیا کښې، بنګله دیش کښې، مونږ سره نور نزدې ملکونه چې دی، یو کښې هم نشته سیوا د پاکستان نه۔ پاکستان نه تقریباً څه ایک لاکھ 30 هزار حاجیان تلی وو جی، دیکښې 65 هزار حاجیان چې کوم دی

سرکاری حکومتی کوټې باندې تلی وو جی، 65 هزار حاجیان سرکاری کوټې باندې او د هغې نه زیات تقریباً 70 هزار پرائیویټ ټوور آپریټرز بوتلی دی۔ د ګورنمنټ د طرف نه د دو لاکھ 65 هزار نه واخله تر دو لاکھ 80 هزار روپۍ پورې هغوی نه پیسې اخستې شوې وے او ښه کافی Facilities ئے هم ورکړی وو، ټهیک ټهاک حج ئے پرې کړے دے۔ په دې بل سائډ که تاسو اوګورئ جی نو هم دغه حاجی چې دا یو پرائیویټ ټوور آپریټر سره ځی جی نو د هغه نه د چار لاکھ نه واخله تر ساړهې چار لاکھ روپۍ پورې پیسې اخستے کیږی جی، چار لاکھ نه ساړهې چار لاکھ پورې، دا دو لاکھ 80 هزار والا چې کوم دا تقریباً ساړهې چار لاکھ ته رسی جی اوبیا هغه Facilities هم نه ورکوی چې کوم ئے ورته ښودلی جی، ډیر شنه باغونه ئے ورته ښودلی وی چې تاسو له به مونږه دومره نیزدے ځائې درکوؤ، دا به ورکوؤ، دا به ورکوؤ خو هیڅ هغه Facilities نه ورکړے کیږی۔ نو زما تاسو ته خواست دے، دې هاؤس ته مې هم خواست دے جی چې په دې باندې تاسو څه ایکشن واخلئ جی او په دې پرائیویټ ټورز باندې باقاعده پابندی اولګولې شی جی او دا څنګه چې ګورنمنټ آف پاکستان دا سرکاری کسان لیږی، دا په 65 هزار هم دغه رنګې د دوئ دا ایک لاکھ 30 چې لیږی نو د پرائیویټ ټورز نه د واخستے شی او ګورنمنټ آف پاکستان د پخپله ایک لاکھ 30 هزار د اولیږی نو عوامو ته به هم فائده وی، یو غریب خلقو ته به هم فائده وی۔ دیکښې حج مونږه یو عبادت د پاره ځو او هغې کښې هم دا پرائیویټ ټورز والا لګھونه اخلی او پکښې پیسې کماوؤی، بزنس ئے ترینه جوړ کړے دے او افسوس ما له دا راځی، نامه ئے نه اخلمه خو زمونږه وفاقی منسټر چې کوم دیکښی Involve دے، هغوی ته هم زما ریکویسټ دے او بلکه پکښې خلق نامه اخلی چې هغوی ته هم دا پیسې پکښې ایکسټرا ملاویږی، دا کوټه ورکړے کیږی-----

جناب مسند نشین: محمود جان صاحب! چونکه دا فیډرل سبجیکټ I don't know که څوک صوبائی وزیر د دې څوک جواب ورکول غواړی نو هم ورکولې شی خو دا فیډرل سبجیکټ دے، که دې باندې تاسو څه قرارداد راوستل غواړئ نو قرارداد راوړئ، دا به د ټولونه بهتره وی-----

جناب محمود جان: زمونږه جی، زمونږه د لته صوبائی د حج اوقاف منسټر صاحب شته جی، که هغوی جواب ورکړی، ښه به وی جی، بیا به قرارداد راؤړو۔

جناب مسند نشین: هسې خو دا بدقسمتی ده چې دومره غټه فریضه دا اسلامی فریضه ده، هغې کښې خلقو سره زیاتے اوشی نو دا خو ډیر افسوسناک صورتحال دے لیکن بهرحال د دې مخ نیوے هم پکار دے، نو که صوبائی وزیر۔۔۔۔

جناب حبیب الرحمان (وزیر زکواۃ، عشر، اوقاف وحج): جناب سپیکر!

جناب مسند نشین: تاسو جی، حبیب الرحمان صاحب!

وزیر زکواۃ، عشر، اوقاف وحج: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِیمِ۔ شکریه جناب سپیکر! زما۔۔۔۔

راجہ فیصل زمان: جناب سپیکر!

جناب مسند نشین: جواب دے دیں آپ سن لیں۔جی راجہ صاحب، راجہ فیصل زمان صاحب۔

راجہ فیصل زمان: سر! انہوں نے کہا ہے، حج کے منسٹر کے ریفرنس سے کہا ہے، Involvement نہیں ہے ان کی بلکہ یہ تو کہہ رہے ہیں کہ جو لوگ حج گورنمنٹ کی طرف سے کرتے ہیں، وہ تو ٹھیک ہو رہا ہے لیکن جو ٹوور آپریٹرز سے کرتے ہیں، ان سے پیسے زیادہ چارج کر رہے ہیں۔ ہمارا جو منسٹر ہے، وہ گورنمنٹ کے حج کا انچارج ہے لیکن جو ان کا الزام ہے، وہ ٹوور آپریٹرز پہ ہے لیکن اس پہ کوئی چیک اینڈ بیلنس ہو تو ہمیں کوئی اعتراض نہیں۔۔۔۔۔

جناب مسند نشین: Basically ٹوور آپریٹرز کو اجازت بھی وہی دیتے ہیں، میرے خیال سے یہ دیکھنا ضرور چاہیئے، یہ اکثر ہوتا ہے اور جب بھی یہ حج ختم ہو جاتا ہے، اس کے بعد شکایتیں شروع ہو جاتی ہیں تو یہ بڑی زیادتی ہے، ویسے ہی یہ تو بہت بڑا میں کہتا ہوں۔۔۔۔۔

راجہ فیصل زمان: بالکل نہیں ہے، میں یہ کہتا ہوں کہ یہ جو لوگ Facilities اٹھا رہے ہیں، اس پہ چیک اینڈ بیلنس ہونا چاہیئے، ہم خود بھی آپ کو سپورٹ کریں گے۔ ہم یہ نہیں کہتے کہ وہ کچھ منسٹر صاحب کے اکاؤنٹ میں بھیج رہے ہیں، یہ بات غلط ہے۔ منسٹر صاحب کے اکاؤنٹ میں کچھ بھی نہیں جاتا، میں اس کی Clearance کر دوں۔

جناب مسند نشین: ٹھیک ہے، ٹھیک ہے۔ ویسے ٹوور آپریٹرز بڑے اچھے اچھے خواب دکھاتے ہیں، وہاں جانے کے بعد وہ خواب ٹوٹ جاتے ہیں۔ جی منسٹر صاحب!

وزیر زکواۃ، عشر، اوقاف وحج: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ شکریه جناب سپیکر۔ زما ورور چې کومه خبره او کړه، بنه دغه ته ئے توجه زمونږه راا وګرځوله ،اګرچه ستاسو د وینا مطابق دا فیډرل سبجیکټ دے خو Anyhow مونږه مسلمانان یو او د دې دغه سره زمونږه اصلیت کښې د حکومت دومره Capacity شته نه څنګه چې دا ډیویلپمنټل کارونه په کنټریکټ سسټم باندې کیږی او څه ډیپارټمنټل کیږی نو دا ډیپارټمنټل څکه 100% نه کیږی، تهرو کنټریکټرز چې کوم دے په دې وجه کیږی چې لکه د حکومت دومره Capacity نشته، زمونږه د حکومت دومره Capacity نشته۔ لکه دا سږکال چې کومې واقعه ګانې شوې دی او په لویه پیمانه باندې Internationally د هغې خلاف یو زبردست دغه شروع دے ، حالانکه حکومت د هغه ځائې د سعودی حکومت مکمل طور یعنی انتظامات ئے بالکل ټهیک کړی وو، توجه غواړمه جی، خومره جی د ټور آپریټرز دا یو خبره ده، مونږ له یو قرارداد پکار دے چې د فیډرل ګورنمنټ نه دغه اوکړو چې کومو خلقو ته کوم Criteria مقرر شی، په کوم شرائطو باندې Terms of reference باندې کوم اولیږلې شی نو هغلته 100% بیا هغه Achieve کول غواړی چې په هغې کښې بیا دهوکه دړاکه نه وی، نو دا-----

جناب مسند نشین: ټهیک شو، چیک اینډ بیلنس پکار دے ، داسې په ړندو کهاتو کښې د خلقو ته دا نه ورکوی چې-----

وزیر زکواۃ، عشر، اوقاف وحج: اصلیت کښې هغوی خو چې کوم شرائط ایښې وی، د هغې مطابق خلق چې کوم دے-----

جناب مسند نشین: جناب صالح محمد صاحب!

قاعدہ کا معطل کیا جانا

جناب صالح محمد: جناب سپیکر! Rule 240 کو 124 کے تحت سسپنڈ کیا جائے تاکہ قرارداد پیش کی جا سکے۔

Mr. Chairman: Is it the desire of the House that rule 124 may be relaxed under rule 240, to allow the honourable Member, to move his resolution? Those who are in favour of it may say 'Yes'.
Members: Yes.

(عصر کی اذان)

Mr. Chairman: And those who are against it may say 'No'.

_(The motion was carried)

Mr. Chairman: The 'Ayes' have it. Ji, Salih Muhammad Sahib.

قراردادیں

جناب صالح محمد: شکریہ جناب سپیکر۔ یہ صوبائی اسمبلی صوبائی حکومت سے اس امر کی سفارش کرتی ہے کہ روٹ پرمٹ کی Renewal لیٹ ہونے پر ٹریفک پولیس پانچ ہزار روپے جرمانہ کرتی ہے جبکہ Renewal پر بھی لیٹ ہونے سے ماہانہ 520 روپے پراونشل ٹرانسپورٹ اتھارٹی جرمانہ وصول کرتی ہے اور یہ دوہرا جرمانہ ایک جرم میں قانون کی سراسر خلاف ورزی ہے جسے ختم کیا جائے۔

جناب سپیکر! یہ دوسری قرارداد ہے، یہ صوبائی اسمبلی صوبائی حکومت سے۔۔۔۔

جناب مسند نشین: دا یو خو اوشی کنه، صالح محمد صاحب؟

جناب صالح محمد: بنه جی، بنه۔

جناب مسند نشین: اس پہ کون جواب دینا چاہے گا، منسٹر؟

جناب شاہ فرمان (وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ): جناب سپیکر!

جناب مسند نشین: شاہ فرمان صاحب۔

وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ: جناب سپیکر! چیک کر لیتے ہیں، اگر دوہرا جرمانہ ہے، ایک ہی جرم کے اوپر اگر دو جرمانے لئے جاتے ہیں تو یہ غلط ہے، اس کو Verify کرتے ہیں اور اس کو Rectify کرتے ہیں، ان شاء اللہ۔

جناب صالح محمد: جناب سپیکر! منسٹر صاحب نے یقین دہانی کرا دی تو دوسری قرارداد۔۔۔۔

جناب مسند نشین: اس کو تو پہلے ایوان میں وہ کر دیں نا؟

جناب عبدالستار خان: اس کو پاس کرائیں۔

جناب مسند نشین: اس کی منظوری لے لیں پھر۔ Is it the desire of the House that the resolution, moved by the honorable Member, may be passed? Those who are in favour it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Chairman: The 'Ayes' have it. The resolution is passed unanimously. Ji, Salih Muhammad Sahib.

جناب صالح محمد: جناب سپیکر! یہ صوبائی اسمبلی صوبائی حکومت سے اس امر کی سفارش کرتی ہے کہ محکمہ ٹرانسپورٹ کے پی کے نے انٹر ڈویژنل اور انٹر پراونشل روٹ پرمٹ کے اجراء کیلئے اے کلاس کیلئے نو سال، بی کلاس کیلئے گیارہ سال مقرر کئے ہیں جبکہ پنجاب، سندھ، بلوچستان میں ایم وی ای کے فٹنس سرٹیفکیٹ پر پرمٹ جاری کیا جاتا ہے۔ ہمارے صوبہ کے پی کے میں باقی صوبوں کی طرح روٹ پرمٹ کا اجراء نہیں کیا جاتا، اس پابندی سے محکمہ ٹرانسپورٹ کی آمدن میں بھی کمی ہوتی ہے اور ٹرانسپورٹرز کو مشکلات کا سامنا بھی ہے، لہذا صوبہ خیبر پختونخوا میں پابندی ختم کرکے روٹ پرمٹ کا اجراء کیا جائے۔

جناب مسند نشین: جی منسٹر صاحب، شاہ فرمان!

وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ: جناب سپیکر! صوبہ خیبر پختونخوا کے اندر بڑی ساری لیجسلیشن اور ریفارمز ہوئے ہیں، ہم یہ Criterion set نہیں کر سکتے کہ اگر کوئی چیز پنجاب کے اندر نہیں ہے تو یہاں نہیں ہونی چاہیئے یا اگر کوئی چیز یہاں ہے تو وہ پنجاب میں بھی ہونی چاہیئے۔ ٹرانسپورٹ منسٹر کے ساتھ بات کر لیتے ہیں، اس ڈیپارٹمنٹ کے ساتھ بات کر لیتے ہیں اور ان سے جواب مانگتے ہیں کہ ان کا اس کے اوپر کیا Comments ہیں۔ ہو سکتا ہے کہ انہوں نے کسی مقصد کے تحت کی ہو لیکن جب تک ہم ٹرانسپورٹ ڈیپارٹمنٹ سے ان کا Input نہ لیں، اس کے اوپر اسمبلی کے اندر کوئی فیصلے کی پوزیشن میں ہم نہیں ہیں۔ تو میں سمجھتا ہوں کہ ٹرانسپورٹ منسٹر ہو یا Next time ان کے ڈیپارٹمنٹ سے آپ اس ریزولیوشن کے حوالے سے اگر آپ خود بھی ان سے Comments مانگ لیں تو یہ ہمارے لئے آسانی ہو جائے گی۔

جناب مسند نشین: صالح محمد صاحب! اگر منسٹر صاحب کے ساتھ آپ کر لیں، بیٹھ جائیں تو بہتر ہی ہوگا، صالح صاحب! آپ کا مسئلہ حل ہو جائے تو بہتر ہے میرے خیال سے۔

جناب عبدالستار خان: جناب سپیکر! میرے خیال میں اس کو موؤ کر لیں۔

جناب صالح محمد: موؤ کرنا تو زیادہ بہتر ہے۔

جناب مسند نشین: جی شاہ فرمان!

وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ: ڈیفر کر لیں یہ، جو پہلی ریزولیوشن ہے، اس پر جناب سپیکر، جناب سپیکر!

جناب مسند نشین: جی صالح محمد صاحب! کیا کرنا ہے؟

وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ: جناب سپیکر! جو پہلی ریزولیوشن تھی، اس کے اندر بھی میں نے یہ بات کی کہ اگر ایک سزا کیلئے دو جرمانے ہیں تو اس کے اوپر ہم بات کر سکتے ہیں۔ وہ بھی ہم بات کر لیتے ہیں کہ کیا واقعی ایسا ہے کہ ایک جرم کی دو سزائیں ہیں یا اگر ایسا نہیں ہے تو اس کے اوپر ہم سوچیں گے لیکن یہ تو ٹرانسپورٹ ڈیپارٹمنٹ کی پالیسی ہے، ان سے Input لیں گے، ان سے کہیں گے کہ آپ Justify کریں، اگر وہ Justify کرتے ہیں تو ہمارے پاس اس کے Reasons ہونے چاہئیں تو بہتر ہے کہ آپ رپورٹ مانگ لیں، اس وقت تک آپ اس کو یا ڈیفر کریں یا اس کے اوپر رپورٹ مانگ لیں ٹرانسپورٹ ڈیپارٹمنٹ سے۔

Mr. Chairman: Is it the desire of the House that the resolution, moved by the honourable Member, may be referred to the concerned Committee? Those-----

(Interruption)

جناب مسند نشین: جی؟

وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ: دا کمیټی، نہیں نہیں۔

جناب مسند نشین: ریفر کړم؟

(قطع کلامیاں)

Mr. Chairman: Okay. Referred to the concerned Committee. Okay.

جناب صالح محمد: سپیکر صاحب! دا ډیفر کړئ چې منسټر صاحب راشي، بیا به ئے او کړو۔

جناب مسند نشین: جناب سلیم خان صاحب! جی، سلیم خان صاحب۔

جناب سلیم خان: شکریہ، شکریہ جناب سپیکر صاحب۔ایک قرارداد سر! میری ہے۔

یہ اسمبلی صوبائی حکومت سے مطالبہ کرتی ہے کہ ضلع چترال رقبے کے لحاظ سے اس صوبے کا سب سے بڑا ضلع ہے، یہاں پر شرح خواندگی 70 فیصد سے زائد ہے اور لوگ تعلیم حاصل کرنے کیلئے بہت زیادہ شوقین ہیں۔ یہاں پر الگ تعلیمی بورڈ نہ ہونے کی وجہ سے ہر سال 30 ہزار سے زائد طالب علم پشاور بورڈ کے ساتھ منسلک ہو کر امتحان دیتے ہیں جو کہ طالب علموں کیلئے انتہائی پریشانی کا سبب بنا ہوا ہے۔ایک ڈی ایم سی نکالنے کیلئے بھی ایک غریب طالب علم کو چترال سے پشاور آنا پڑتا ہے، لہذا صوبائی اسمبلی صوبائی حکومت سے پرزور مطالبہ کرتی ہے کہ ضلع چترال میں الگ ایک انٹر میڈیٹ بورڈ بنایا جائے تاکہ لوگوں کو تعلیم کے حصول میں آسانی رہے۔

جناب مسند نشین: جی شاہ فرمان صاحب!

وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ: جناب سپیکر! صوبے کے اندر پہلے ایک بورڈ ہوتا تھا، اب بہت سارے بورڈز بن گئے ہیں لیکن اس کے اوپر بھی ایک اعتراض یہ آتا ہے کہ کہیں ایک بورڈ کے اندر Marking lenient ہوتی ہے، دوسرے بورڈ کے اندر Marking tough ہوتی ہے اور اس کے اوپر بھی کہ Uniformity کیلئے کہ میرٹ ایک جیسا ہو، وہ ایک ہی بورڈ صوبے کے اندر ہونا چاہیئے۔ یہ چترال کا معاملہ ذرا Different ہے کیونکہ وہ Far-flung area ہے اور اس کے اندر Geographically بھی بڑا مشکل لیکن ضروری یہ ہے کہ ہم اس کے اوپر ایجوکیشن منسٹر کے ساتھ بات کرلیں کیونکہ ایجوکیشن کے اندر بہت زیادہ ریفارمز ہیں کہ اس کے اوپر کیا Viewpoint ہے اور کیوں ہے؟ میں سمجھتا ہوں کہ یہ Important point ہے لیکن یا تو آپ رپورٹ کا کہیں یا پھر ایجوکیشن منسٹر کے ساتھ بیٹھ کے بات کر لیں تاکہ اس کا حل نکل آئے اور ایجوکیشن جو گورنمنٹ کی پالیسی ہے، کیا اس کے ساتھ یہ آن لائن ہے کہ نہیں؟ ایجوکیشن منسٹر۔۔۔۔

جناب مسند نشین: میرے خیال سے اس کو ڈیفر کر دیتے ہیں، جب منسٹر صاحب آجائیں تو ان کے ساتھ بیٹھ کے آپ کا مسئلہ حل کر لیتے ہیں، یہ تھوڑا سا جو محکمے کے افسران صاحبان یہاں بیٹھے ہوئے ہیں، اس میں کچھ محکمے اسٹیبلشمنٹ، ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن، فوڈ، ہیلتھ، انڈسٹری، ان کے افسران آج کوئی بھی موجود نہیں ہیں

تو یہ بڑی افسوسناک بات ہے، ان کو بار بار کہا جارہا ہے کہ اسمبلی سیشن کے دوران تمام افسران جو ہیں، وہ اپنی حاضری یقینی بنائیں۔ تو یہ بڑی افسوسناک بات ہے۔

The sitting is adjourned till 03:00 pm of 16th November, 2015.

(اجلاس بروز سوموار مورخہ 16 نومبر 2015ء بعد از دوپہر تین بجے تک کیلئے ملتوی ہو گیا)